نیسلے ملک پیک کی طرف سے 5 لاکھ دودھ کے گلاس کا عطیہ

لاہور (14 مئی، 2020) نیسلے پاکستان COVID-19 کی عالمی وباء سے متاثرہ افراد کی مدد کرنے کیلئے ڈیری انڈسٹری کے پارٹنرز ٹیٹرا پیک پاکستان، بلھے شاہ پیکیجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ، انٹرلوپ لمیٹڈ اینڈ انٹرلوپ ہولڈنگز، شیخ نورالدین اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ اور ٹیکسو پولی انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ کے ساتھ اشتراک سے 5 لاکھ دودھ کے گلاس عطیہ کرے گا۔

یہ عطیہ COVID-19 کے عالمی وباء سے نمٹنے کیلئے نیسلے پاکستان کی غذائی مصنوعات پر مشتمل 100 ملین روپے کی قومی امداد کا حصہ ہے

اس اقدام کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے جیسن اوان سینا، بزنس ایگزیکٹو آفیسر، ڈیری، نیسلے پاکستان نے کہا ''ہم متاثرہ افراد کی امداد اور غذائی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے غیر سرکاری تنظیموں کو نیسلے ملک پیک فراہم کریں گے۔ نیسلے ملک پیک حکومتی اداروں اور غیر سرکاری تنظیموں کی طرف سے ان متاثرہ خاندانوں میں تقسیم کئے جانے والے راشن کے تھیلوں میں شامل کیا جائے گا۔''

ہورہے مونٹیرو، مینجنگ ڈائریکٹر، ٹیٹرا پاک نے کہا ''یہ امداد ٹیٹرا پاک کے خوراک کے تحفظ اور ہر جگہ دستیابی کے وژن کی بہترین عکاسی کرتی ہے۔''

بلھے شاہ پیکیجنگ کے ترجمان نے کہا ''بلھے شاہ پیکیجنگ، Packages فاؤنڈیشن کے ذریعے نیسلے کے ساتھ شراکت داری پر مسرت محسوس کر رہا ہے اور مستحق افراد میں تقسیم کرنے کیلئے نیسلے ملک پیک کے 250ml کے 5 لاکھ ڈبے تیار کرنے کیلئے پر عزم ہے۔ ہم ایک ساتھ مل کر بہتر کل کیلئے معاشرے میں تبدیلی لا سکتے ہیں۔''

ان کوششوں پر روشنی ڈالتے ہوئے مصدق ذوالقرنین، چیئرمین انٹرلوپ لمیٹڈ اینڈ انٹرلوپ ہولڈنگز نے کہا ''ایک ذمہ دار کارپوریٹ ادارہ ہونے کی حیثیت سے انٹرلوپ گروپ نے COVID-19 کے عالمی وباء کے دوران مستحق خاندانوں کی مدد کیلئے متعدد اقدامات اٹھائے ہیں۔'' انہوں نے کہا ''نیسلے پاکستان کے ساتھ شراکت داری کے تحت انٹرلوپ ویلفیئر ٹرسٹ نے ضرورت مند لوگوں میں 50 ہزار لیٹر دودھ عطیہ کیا ہے۔''

فرحاج سرور، ڈائریکٹر نورالدین اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ نے کہا '' ہم نے ان مشکل حالات میں مستحق خاندانوں میں تقسیم کرنے کیلئے نیسلے کو 10 ہزار لیٹرز خالص دودھ فراہم کیا ہے۔ ہم نے پنجاب پولیس کو 12 ہزار فیس ماسک بھی فراہم کئے ہیں تا کہ مشکل کی اس گھڑی میں فرنٹ لائن ہیروز محفوظ رہیں۔''

ضرورت مندوں کیلئے خوراک کی دستیابی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے عثمان ملک، ڈائریکٹر ٹیکسو پولی انڈسٹری پرائیویٹ لمیٹڈ نے کہا ''وباء نے ضروری اور غیر ضروری کے درمیان فرق کو واضح کر دیا ہے، خوراک ایک ضروری چیز ہے اور ایسے بہت سے لوگ ہیں جنہیں اس کی ضرورت ہے''

وقار احمد، ہیڈ آف کارپوریٹ افیئرز، نیسلے پاکستان نے کہا ''ہم جہاں آپریٹ کرتے ہیں وہاں کمیونٹیز کا خیال ہمارا اولین فرض ہے اور یہ ہمارا یقین ہے کہ COVID-19 کی عالمی وباء سے پیدا شدہ بحران کے دوران ہم نے ایک اہم کردار ادا کرنا ہے۔''

نیسلے پاکستان وزیر اعظم عمران خان اور صوبائی قیادت کی طرف سے طے کردہ سٹرٹیجک روڈ میپ کے مطابق ملک بھر میں صارفین کیلئے ضروری خوراک اور مشروبات کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے انتھک کوششیں کر رہا ہے۔''

نیسلے پاکستان کے بارے میں:

نیسلے خوراک اور مشروبات تیار کرنے والی دنیا کی بڑی کمپنی ہے۔ دنیا کے 191 ممالک میں فعال ہے۔نیسلے کے 3 لاکھ 28 ہزار ملازمین معیاز زندگی کو بڑھانے اور صحت مند مستقبل کے لئے کردار ادا کرنے کے نیسلے کے مقصد کیلئے پر عزم ہے۔نیسلے والدین اور بچوں کیلئے انواع اقسام کی مصنوعات اور خدمات کی فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومات کیلئے برابطہ کریں

محمد راحت حسین

منیجر پبلک افیئرز، نیسلے پاکستان

muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com